COLLEGE BOARD

PSAT™ 8/9 Test Directions Translated into Urdu for Students

2020-2021

Notes to the Proctor:

This document should be printed and distributed once students are seated.

Students may use this document to read translations of the directions that are read aloud or printed in their test book.

Students may keep this document open and on their desk during the entire test.

Students may **not** be given additional time, unless approved as a separate accommodation.

Collect this document from each student at the end of testing and securely destroy it.

© 2020 College Board. College Board and SAT are registered trademarks of College Board. PSAT is a trademark owned by College Board. Unauthorized copying or reuse of any part of this document is illegal.

Table of Contents

Notes to the Proctor: 1
Notes to the Student 3
1 Before the Test Begins 4
1.1 Answer Sheet Distribution 6
1.2 Test Book Distribution 7
1.3 Completing the Certification Statement 8
1.4 Completing Test Book Information 8
1.5 Front Cover Directions 10
1.6 Back Cover Directions 11
2 Section 1: Reading Test 12
2.1 Section 1 Test Book Directions 13
2.2 Break Between Sections 13
3 Section 2: Writing and Language Test 13
3.1 Section 2 Test Book Directions 14
4 Section 3: Math Test – No Calculator 14
4.1 Section 3 Test Book Directions 16
4.2 Break Between Sections 17
5 Section 4: Math Test – Calculator 18
5.1 Section 4 Test Book Directions 19
6 Dismissal 20
6.1 Collecting Test Books and Other Test Materials 21
6.2 Finishing Up 21
6.3 Completing Answer Sheets 21
6.4 Collecting Answer Sheets and Dismissing Students 23

طلبا کیلئے نوٹس

مندرجہ ذیل ان ہدایات کا جو نگران باآواز بلند پڑھے گا، نیز ان تحریری ہدایات کا بھی ترجمہ ہے جو آپ کی امتحانی کتاب میں موجود ہیں۔ جیسے جیسے آپ کا نگران انگریزی ہدایات باآواز بلند پڑھتا جائے اس کے ساتھ ترجمہ دیکھتے جائیں۔ اگر آپ کو اس حوالے سے کوئی سوال ہو کہ آپ کا نگران کیا پڑھ رہا ہے تو براہ کرم اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

- ضروری نہیں کہ یہ ترجمہ شدہ ہدایات آپ کے نگران کی جانب سے پڑھی جانے والی ہدایات سے لفظ بہ لفظ مماثل ہوں۔ پریشان نہ ہوں، مطلب ایک ہی ہے۔
- ممکن ہے کہ آپ کا نگران کچھ ایسی ہدایات نظر انداز کر دے جو آپ کی امتحانی صورت حال پر لاگو نہیں ہوتیں۔
- آپ امتحان کے پورے وقت کے دوران اس دستاویز کو اپنی ڈیسک پر رکھ سکتے ہیں تاہم امتحان کے بعد اسے نگران کو واپس لوٹانا ہوگا۔
- آپ اس دستاویز کو فالتو کاغذ کے بطور استعمال نہیں کر سکتے۔
- مختلف اوقات پر، آپ کا نگران سیکشن میں باقی وقت کا اعلان کرے گا، نیز وقفوں کا بھی، جیسا کہ مناسب ہو۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو یہ اعلانات اس ترجمہ شدہ دستاویز میں درج اوقات اور وقفوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔
- اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کا نگران انگریزی میں اضافی ہدایات دے سکتا ہے۔
- آپ کی توجہ مخصوص معلومات کی جانب مبذول کروانے کے لئے اس پوری دستاویز میں آئیکنز کا استعمال کیا گیا ہے:

اہم معلومات

آپ کے نگران کی جانب سے بولی جانے والی ہدایات

آپ کی امتحانی کتاب میں موجود ہدایات

1 امتحان شروع ہونے سے قبل

آپ کا نگران یہ کہہ کر آغاز کرے گا:

PSAT 8/9 کے بندوبست میں خوش آمدید۔ اس امتحان میں اس چیز پر فوکس ہوگا جو آپ پورے اسکول میں پہلے ہی سیکھتے رہے ہیں۔ اس سے آپ کو یہ دیکھنے کا موقع ملتا ہے کہ آپ کو ہائی اسکول میں کہاں پر اصلاح کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اگر آپ پرنٹ شدہ ہدایات استعمال کر رہے ہیں تو جب میں ہدایات دوں اس وقت عمل کرنے کے لیے انہیں استعمال کریں۔

اس سے قبل کہ ہم امتحان شروع کریں، میں کچھ ہدایات پڑھ کر سناؤں گا۔ براہ کرم دھیان سے سنیں اور اگر کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہوں تو اپنا ہاتھ بلند کریں۔ یاد رکھیں، اس امتحان میں میرا کردار یہ ہے کہ آپ کو اپنے ہنر اور معلومات کا مظاہرہ کرنے کیلئے بہترین موقع فراہم کرنا یقینی بنایا جا سکے۔

آج کے امتحان میں، آپ اپنی جوابی شیٹ پر نشان لگانے کے لئے صرف نمبر 2 پنسل استعمال کر سکتے ہیں۔ مکینیکل پنسلوں کی اجازت نہیں ہے۔ اگر آپ کے پاس نمبر 2 پنسل نہیں ہے تو براہ کرم اپنا ہاتھ کھڑا کریں، اور میں آپ کو پنسل دوں گا۔

اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

College Board PSAT 8/9 کی شرائط و ضوابط میں یہ یقینی بنانے کے لیے اصول اور پالیسیاں شامل ہیں کہ تمام طلبا کو منصفانہ اور مساوی امتحان کا تجربہ ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو تنگ کرتا ہے یا کوئی غیر منصفانہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتا ہے تو میں اسے کمرے سے رخصت ہو جانے کا کہوں گا اور اس کے سکورز منسوخ ہو جائیں گے۔ ممکن ہے کہ انہیں آئندہ College Board کے دیگر امتحانات دینے سے بھی روک دیا جائے۔

آپ کا نگران یہ کہتے ہوئے غلط برتاؤ کی مثالیں دے گا:

غیر منصفانہ فوائد کی کچھ مثالیں یہ ہیں:

- امتحان میں کسی بھی قسم کی مدد دینا یا حاصل کرنا
- وقت شروع ہونے سے قبل امتحانی کتاب دیکھنا
- جس پر ہم فی الوقت موجود ہوں اس کے علاوہ کسی اور سیکشن یا امتحان کو دیکھنا
- وقت ختم ہونے کا اعلان کیے جانے کے بعد جوابات کو نشان زد یا تبدیل کرنا
- کمرہ امتحان سے امتحانی مواد باہر لے جانے کی کوشش کرنا
- امتحان یا وقفوں کے دوران فون یا کوئی غیر مجاز امتحانی اعانت استعمال کرنا
- امتحان کے دوران یا بعد میں جواب کی کنجی استعمال کرنا کسی کے ساتھ جوابات کا اشتراک کرنا
- امتحان کے دوران لاکر کے پاس جانا یا بلڈنگ سے باہر نکل جانا
- کسی اور کیلئے امتحان دینے کی کوشش کرنا
- منظور شدہ گنجائش کے بغیر امتحان کے دوران کھانا یا پینا
- خلل پیدا کرنا
- امتحانی طریقہ کار پر عمل کرنے میں ناکام ہونا

یہ پالیسیاں یقینی بنانے میں مدد کرتی ہیں کہ آج آپ کا تجربہ منصفانہ رہے اور آپ بغیر کسی خلل کے اپنے امتحان پر توجہ دے سکیں۔

اگر آپ کو کوئی تشویشناک چیز نظر آئے تو براہ کرم مجھ سے یا امتحان کے بعد امتحانی عملہ کے کسی اور ممبر سے بات کریں اور ہم آپ اگلے مراحل کے حوالے سے آپ کی مدد کریں گے۔

آپ کا نگران صرف ایک اختیار پڑھے گا، اسکرپٹ A یا B، جو بھی موزوں ہو۔

(A) اگر آپ کے اسکول نے ذاتی سامان اکٹھا کر لیا ہے تو آپ کا نگران بتائے گا:

اب تک آپ نے اپنے سبھی فونز اور دیگر کوئی بھی الیکٹرونک آلہ ہمارے حوالے کر دیا ہوگا۔ اگر کسی کے پاس اب بھی کسی قسم کا الیکٹرونک آلہ، بشمول اسمارٹ واچ یا فٹنس ٹریکر ہے، تو براہ کرم کوئی بھی الارمز آف کر دیں، اس کا پاور آف کر دیں، اور اسے ابھی مجھے دے دیں۔ امتحان ختم ہونے پر یہ آپ کو واپس کر دیا جائے گا۔

(B) اگر آپ کا اسکول ذاتی سامان اکٹھا نہیں کرتا ہے تو آپ کا نگران کہے گا:

اس وقت پر، اگر آپ کے پاس کوئی فون یا کسی قسم کا کوئی الیکٹرونک آلہ، بشمول اسمارٹ واچ یا فٹنس ٹریکر موجود ہے، تو آپ کو کسی بھی قسم کے الارمز غیر فعال کر دینے چاہئیں، اسے مکمل طور پر آف کر دینا چاہیئے، اور امتحان ختم ہونے تک اسے کمرے کے ایک طرف بیگ یا بیگ پیک میں ڈال کر رکھ دینا چاہیئے۔ اگر آپ کو امداد کے طور پر کوئی آئٹم استعمال کرنے کی منظوری ملتی ہے، تو اپنی نشست پر آپ جو آئٹمز رکھتے ہیں ان کے ساتھ اسے شامل کریں۔ اگر آپ کو اپنا فون اسٹور کرنے کے لئے بیگ درکار ہے، تو اپنا ہاتھ کھڑا کریں اور میں آپ کو ایک پلاسٹک بیگ فراہم کروں گا۔

آپ کا نگران یہ کہہ کر تصدیق کرے گا کہ کسی بھی الیکٹرونک آلات کی اجازت نہیں ہے:

ایسا کوئی بھی الیکٹرونک آلہ جو آف نہیں کیا گیا ہوا یا پرے نہ رکھا گیا ہوا لے لیا جائے گا اور تفتیش کے حصے کے طور پر اس کے مواد کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ اگر آپ کو آلہ کے ساتھ دیکھا گیا یا آپ کے پاس ہوتے ہوئے آلہ نے آواز پیدا کی یا خلل پیدا کیا تو مجھے آپ کو امتحان سے برخاست کرنا پڑے گا۔ اب سے، جس بھی طالب علم کے پاس مجھے فون، اسمارٹ واچ، یا کوئی اور الیکٹرونک آلہ دکھائی دیا میں اسے برخاست کر دوں گا۔

اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

اب تک ان ہدایات پر توجہ دینے کے لئے شکریہ۔ اب ہم امتحان شروع کرنے کی تیاری کرنے والے ہیں۔

- نمبر 2 کی پنسل، قابل قبول کیلکولیٹر اور بیک اپ کیلکولیٹر اگر آپ کے پاس ہو تو، اور کوئی منظور شدہ امتحانی آلہ کو چھوڑ کر اپنی ڈیسک سے ہر چیز ہٹا دیں۔ اگر آپ پرنٹ شدہ امتحانی ہدایات یا لفظ بہ لفظ فرہنگ استعمال کر رہے ہیں تو یہ آئٹمز بھی اپنی ڈیسک پر رکھیں۔
- اگر آپ اضافی بیٹریاں، ڈرنکس یا اسنیکس لائے ہیں تو انہیں اپنی ڈیسک کے نیچے فرش پر رکھ دیں۔
- اگر آپ کی ڈیسک پر کوئی بیگ یا بیک پیک باقی ہے تو اسے بند کر کے امتحان ختم ہونے تک کمرے کے ایک طرف رکھ دیں۔

جب سبھی طلبا تیار ہو جائیں گے تو آپ کا نگران کہے گا:

براہ کرم خاموشی سے بیٹھیں تب تک میں اِدھر اُدھر نگاہ ڈال کر یقینی بناتا ہوں کہ آپ سبھی قابل قبول کیلکولیٹرز استعمال کر رہے ہیں۔

اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

براہ کرم یاد رکھیں کہ آپ کسی بھی وقت اپنے کیلکولیٹرز کا اشتراک یا تبادلہ نہیں کر سکتے۔ اپنے کیلکولیٹرز اب اپنی ڈیسک کے نیچے رکھیں۔ آپ کو بعد والے سیکشن تک ان کی ضرورت نہیں ہوگی۔

1.1 جوابی شیٹ کی تقسیم

جوابی شیٹس تقسیم کرنے کے بعد، آپ کا نگران کہے گا:

یہ وہ جوابی شیٹس ہیں جنہیں آپ اپنے امتحان میں جوابات نشان زد کرنے کیلئے استعمال کریں گے۔ اگر آپ بڑے بلاک والی جوابی شیٹ استعمال کر رہے ہیں، تو براہ کرم اپنے جوابات نشان زد کرنے کے طریقے کے بارے میں اپنی جوابی شیٹ کے صفحہ 1 پر درج ہدایات پڑھیں۔ آپ کے صفحہ نمبرز ان سے مختلف ہوں گے جن کا میں اعلان کروں گا، تاہم فیلڈ نمبرز ان فیلڈ نمبرز سے مماثل ہوں گے جو میں سب کو فراہم کروں گا۔ آپ بلبلے بھرنے کی بجائے مربعوں کو X کے ساتھ نشان زد کریں گے۔ اگر آپ کو کسی بھی وقت اعانت درکار ہو تو براہ کرم اپنا ہاتھ کھڑا کریں۔

آپ کا نگران صرف ایک اختیار پڑھے گا، اسکرپٹ A یا B، جو بھی موزوں ہو۔

(A) اگر تمام طلبا کے پاس ان کی ذاتی معلومات والے جوابی پرچے ہیں تو، آپ کا نگران کہے گا:

یہاں موجود سبھی لوگوں کے پاس لیبل اور/یا پرنٹ شدہ اور بلبلے میں موجود معلومات والی جوابی شیٹ ہونی چاہیئے۔ آپ کے پاس درست جوابی شیٹ ہے یہ چیک کرنے کیلئے براہ کرم یقینی بنا لیں کہ اس پر آپ کا درست قانونی نام اور تاریخ پیدائش موجود ہے۔ اگر آپ کے پاس غلط جوابی شیٹ ہے یا آپ کو لیبل پر کوئی خرابی دکھائی دے تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

(B) اگر کچھ طلبا نے اپنی جوابی شیٹ پر ذاتی معلومات پُر نہیں کی ہیں تو، آپ کا نگران کہے گا:

آپ میں سے کچھ لوگوں کے پاس اس جوابی شیٹ پر پہلے سے ہی لیبل اور/یا پرنٹ شدہ اور بلبلے میں موجود معلومات ہیں جو میں نے آپ کو ابھی دی ہے۔ اگر ایسا ہے تو آپ کے پاس درست جوابی شیٹ ہے یہ چیک کرنے کیلئے براہ کرم یقینی بنا لیں کہ آپ کی جوابی شیٹ میں موجود معلومات درست ہیں۔ اگر معلومات درست ہیں تو براہ کرم چند منٹ خاموشی سے انتظار کریں جب تک کہ میں دیگر طلبا کو ان کی جوابی شیٹس میں مطلوبہ فیلڈز پُر کرنے کے حوالے سے ہدایات دے رہا ہوں۔ اگر آپ کی جوابی شیٹ پر کوئی بھی معلومات غلط ہے تو، اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

جن طلبا کو اپنی جوابی شیٹس پر فیلڈ 1 کے لئے، معلومات مکمل کرنی ہیں ان کے لئے، آپ کا نگران کہے گا:

اپنے قانونی آخری نام، پہلا نام، اور درمیانی نام اگر ہے تو اسے پُر کرنے سے شروع کریں۔ اگر وقفے، ربط کے نشانات، یا حذفی علامات آپ کے نام کا حصہ ہیں تو براہ کرم انہیں شامل کریں۔ خانوں میں سبھی بڑے جلی حروف پرنٹ کریں، پھر متعلقہ بلبلے بھریں۔ یقینی بنائیں کہ ہر نشان گہرا ہو اور بلبلے کو مکمل طور پر بھرے۔ مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

فیلڈ 2 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

فیلڈ 2 کے لئے، اگر آپ اس اسکول میں پڑھتے ہیں، تو "Yes"(جی ہاں) کے لئے بلبلے کو بھریں۔ جو بھی باقاعدگی سے اس اسکول میں نہیں پڑھتے وہ اس بلبلے کو بھریں جو آپ پر لاگو ہوتا ہے۔ اگر آپ کوئی سوالات رکھتے ہیں تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

فیلڈ نمبر 3 اور 4 کے لئے، آپ کا نگران کہے گا:

فیلڈ 3 اور 4 کے لئے، اگر آپ اس اسکول میں پڑھتے ہیں، تو ہمارے اسکول کا نام، شہر، اور ریاست فیلڈ 3 میں جلی حروف میں لکھیں؛ پھر اسکول کا 6 ہندسوں والا کوڈ _________ فیلڈ 4 میں درج کریں اور متعلقہ بلبلوں کو بھریں۔ اگر آپ باقاعدگی سے اس اسکول میں نہیں پڑھتے ہیں، تو اپنا ہاتھ کھڑا کریں، اور میں فیلڈ 4 میں درج کرنے کے لئے آپ کو صحیح کوڈ دینے کے لئے آپ کے پاس آؤں گا۔ مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

اگر آپ کا سکول طالب علم کے ID نمبرز استعمال نہیں کر رہا ہے تو آپ کا نگران فیلڈ 5 کو چھوڑ دے گا.

اگر آپ کا اسکول فیلڈ 5 کے لئے، طالب علم کے ID نمبرز استعمال کر رہا ہے، تو آپ کا نگران کہے گا:

- فیلڈ 5 میں، بائیں طرف پہلے کالم سے شروع کر کے، اپنے طالب علم کے شناختی نمبر پرنٹ کریں اور ان کے لیے بلبلے بھریں۔ اگر آپ کے ID نمبر میں حروف ہیں, تو انہیں شامل نہ کریں اور بیچ میں وقفہ دیے بغیر، صرف ہندسے درج کریں۔ اگر اپ کو اپنا طالب علم کا ID نمبر معلوم نہیں ہے، تو اپنا ہاتھ کھڑا کریں۔ مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

فیلڈ 6 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

- اپنا موجودہ گریڈ لیول فیلڈ 6 میں پُر کریں۔

فیلڈ 7 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

- فیلڈ 7 مکمل کریں۔

فیلڈ 8 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

- اپنی تاریخ پیدائش کے لیے، اپنی پیدائش کے ماہ کے لیے بلبلہ بھریں۔ بڑے بلاک والی جوابی شیٹوں پر مہینے کے لئے ہندسے پُر کریں، نیز اگر مہینے میں صرف 1 ہندسہ ہو تو صفر سے آغاز کریں۔ اس کے بعد، اپنی پیدائش کے دن کے لئے 2 ہندسوں والا نمبر لکھیں، نیز اگر دن 10 سے چھوٹا ہو تو صفر سے آغاز کریں۔ اس کے بعد اپنی پیدائش کے سال کیلئے آخری 2 ہندسے لکھیں۔ متعلقہ بلبلے بھریں اور مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

امتحانی کتابیں تقسیم کرنے سے قبل، آپ کا نگران کہے گا:

- اگر آپ کو اپنی جوابی شیٹ کے غیر امتحانی حصے میں اور کوئی فیلڈز پُر کرنی ہیں، تو امتحان ختم ہونے کے بعد آپ کو اس کا موقع ملے گا۔

1.2 امتحانی کتاب کی تقسیم

جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:

- اب میں آپ کو آپ کی امتحانی کتابیں دوں گا۔ جب آپ کو اپنی امتحانی کتاب ملے، تو اسے مت کھولیں۔

جب سبھی طلبا کو ان کی امتحانی کتابیں مل جائیں گی، تو آپ کا نگران کہے گا:

- اپنی امتحانی کتاب پلٹائیں اور پچھلا کور پڑھیں۔ اس پر امتحان اور اپنے جوابات کو صحیح سے نشان زد کرنے کے بارے میں اہم معلومات درج ہیں۔

  آپ نے جو کچھ پڑھا ہے اس کے حوالے سے کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں؟

جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:

- امتحانی کتاب کی پشت پر، صاف طور پر اپنا نام، اس اسکول کا کوڈ اور نام، اور اس کمرے کے کمرۂ امتحان کا کوڈ یا نام لکھیں، جو میں نے آپ کے لئے پوسٹ کر دیا ہے۔

flash drive (فلیش ڈرائیو) استعمال کرنے والے طلبا کے لیے، آپ کا نگران کہے گا:

اگر اپflash drive (فلیش ڈرائیو) فارمیٹ استعمال کر رہے ہیں، تو آپ کو یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہو گی کہ یہ معلومات آپ کی flash drive (فلیش ڈرائیو) پیکیجنگ پر بھی درج ہیں۔

آپ کا نگران یہ کہہ کر جوابات کو نشان زد کرنے کے لیے اضافی ہدایات دے گا:

یہ اہم ہے کہ آپ اپنے جوابات نشان زد کرنے کیلئے ہدایات پر عمل کریں تاکہ آپ کی جوابی شیٹ کو سکور دیا جا سکے۔ میں اہم ترین نکات کی تاکید کروں گا تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ واضح ہیں۔ براہ کرم دھیان سے سنیں۔

- جوابی شیٹ میں اپنے سبھی جوابات نشان زد کریں۔ آپ فالتو کام کے لیے اپنی امتحانی کتاب استعمال کر سکتے ہیں، لیکن صرف جوابی پرچے پر نشان زد جوابات پر ہی اسکور ملے گا، الّا یہ کہ آپ کو امتحانی کتاب میں انہیں نشان زد کرنے کی منظوری ملی ہو۔
- اگر آپ کو اپنے جوابات امتحانی کتاب میں ریکارڈ کرنے کی منظوری ملی ہے تو اپنے امتحانی کتاب میں اپنے منتخب کردہ حروف پر دائرہ بنائیں۔ ہر سوال کیلئے صرف 1 جواب پر دائرہ بنائیں۔ اگر آپ کا ارادہ بدل جاتا ہے اپنی کوشش کی حد تک مکمل طور پر مٹائیں۔ اگر آپ کو اس سہولت کیلئے منظوری نہیں ملی ہے تو اپنے جوابات جوابی شیٹ پر ریکارڈ کرنے کو یقینی بنائیں۔
- وقت ختم ہونے کا اعلان ہونے کے بعد، آپ اپنی امتحانی کتاب سے جوابی شیٹ میں جوابات منتقل نہیں کر سکتے نہ ہی بلبلے بھر سکتے ہیں۔
- نمبر 2 پینسل استعمال کرنا یقینی بنائیں۔ پین، رنگین پینسل یا میکنیکل پینسل استعمال مت کریں۔
- ہر سوال کیلئے 1 ہی جواب نشان زد کریں اور جوابی شیٹ پر موجود بلبلوں کو گہرے اور مکمل طریقے سے بھریں۔
- جوابات کے علاوہ اپنی جوابی شیٹ میں اور کوئی نشانات مت بنائیں۔ آپ کی جوابی شیٹ میں بلاوجہ کے نشانات سکورنگ میں مداخلت کریں گے۔
- اگر آپ مٹاتے ہیں، تو مکمل طور پر مٹائیں۔ نامکمل طور پر مٹانے کو مقصود جواب کے طور پر اسکور دیا جا سکتا ہے۔

1.3 تصدیق کا بیان مکمل کرنا

سبھی طلبا کے لئے، آپ کا نگران کہے گا:

اب براہ کرم اپنی جوابی شیٹ کی پشت پر تصدیق کا بیان (Certification Statement) ملاحظہ کریں۔

اس بیان پر دستخط کرکے، آپ کسی کے ساتھ بھی، کسی بھی ذریعے سے، امتحان کے کسی بھی مواد کا اشتراک نہیں کرنے پر اتفاق کرتے ہیں، جس میں ای میل، متنی پیغامات، انٹرنیٹ پوسٹس، یا انٹرنیٹ کا دیگر استعمال بلا تحدید شامل ہیں۔ ایسا کرنے کے نتیجے میں اسکور منسوخ ہو سکتا یا دیگر ممکنہ پابندی لگ سکتی ہے۔ یہ شرائط *PSAT 8/9 Student Guide* میں بیان کر دی گئی ہیں۔

اپنی جوابی شیٹ پر بیان اور درج معلومات پڑھیں، پھر اپنے پورے نام کا دستخط ویسے ہی کریں جس طرح آپ کسی باضابطہ دستاویز پر کریں گے۔ اپنے دستخط کے نیچے، اپنا نام پرنٹ کریں اور آج کی تاریخ درج کریں۔

جب آپ ختم کر لیں تو اپنی پنسل رکھ دیں۔

1.4 امتحانی کتاب کی معلومات مکمل کرنا

فیلڈز A اور Form Code B (فارم کوڈ) اور Test ID (امتحانی آئی ڈی) کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

اپنے جوابی پرچے کی پشت پر فیلڈ A اور B تلاش کریں۔ Form Code (فارم کوڈ) اور Test ID (امتحانی آئی ڈی) امتحان کے اس فارمیٹ کی پشت پر تلاش کریں جس کے ساتھ آپ امتحان دے رہے ہیں—یعنی کہ، اپنی امتحانی کتاب، ریڈر کے اسکرپٹ (آپ کے ریڈر کو فراہم کیا گیا ہے)، بریل کتاب، یا flash drive (فلیش ڈرائیو) پیکیجنگ پر۔ Form Code (فارم کوڈ) اور Test ID (امتحانی آئی ڈی) کو بالکل اسی طور پر اپنی جوابی شیٹ کی فیلڈز A اور B میں نقل کریں جیسا کہ وہ آپ کے امتحان میں دکھائی دے رہی ہیں اور مناسب بلبلوں کو بھریں۔ جب آپ ختم کر لیں تو براہ کرم سامنے کی طرف دیکھیں۔

فیلڈ C صرف تب بھرا جائے جب آپ کی امتحانی کتابوں میں سرورق کے اوپری دائیں کونے میں نمبر شمار دیے گئے ہوں۔ اگر آپ کی امتحانی کتابوں میں نمبر شمار نہیں ہیں تو آپ کا نگران چھوڑ کر اگلے پیراگراف پر جائے گا۔

اپریل کے امتحان کے لئے، فیلڈ C کے لئے، آپ کا نگران کہے گا:

- اپنی امتحانی کتاب یا امتحان کے دیگر فارمیٹ کے سرورق کو دیکھیں۔ بالائی دائیں کونے میں " Test Book Serial Number" (امتحانی کتاب کا نمبر شمار) کے طور پر لیبل شدہ نمبر دیکھیں۔ اپنا نمبر شمار اپنی جوابی شیٹ کی فیلڈ C میں درج کریں اور متعلقہ بلبلوں کو بھریں۔

آپ کا نگران یہ کہہ کر طلبا کے درج کوڈ ان سے چیک کروائے گا:

- آپ کے اسکورز ملنے میں مسائل کو روکنے کے لیے، Form Code (فارم کوڈ) اور Test ID (امتحانی آئی ڈی) فیلڈز کو چیک کر کے یقینی بنائیں کہ آپ نے انہیں صحیح سے درج کیا ہے۔

اگر آپ کی امتحانی کتابوں میں نمبر شمار نہیں ہیں تو آپ کا نگران چھوڑ کر اگلے پیراگراف پر جائے گا۔

اپریل کے امتحان کے لئے، آپ کا نگران کہے گا:

- براہ کرم یہ بھی چیک کریں کہ Test Book Serial Number(امتحانی کتاب کے نمبر شمار) کی فیلڈ صحیح سے بھری گئی ہے۔

اگر آپ کا اسکول کمرۂ امتحان کے کوڈز استعمال کرتا ہے، تو فیلڈ D کے لئے، آپ کا نگران کہے گا:

- فیلڈ D میں، کمرۂ امتحان کا وہ کوڈ لکھیں جو میں نے پوسٹ کیا ہے، پھر بلبلوں کو بھریں۔

اگر آپ کا اسکول اختیاری کوڈز استعمال کرتا ہے، تو فیلڈ E کے لئے، آپ کا نگران کہے گا:

- فیلڈ E کے لئے، میں ان طلبا کے نام بلند آواز میں پڑھوں گا جنہیں ہر ایک کوڈ تفویض کیا گیا ہے۔ جب آپ اپنا نام سنیں، تو میں نے آپ کے گروپ کے لئے جس کوڈ کا اعلان کیا ہے وہ درج کریں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں وہ کوڈ دہراؤں جو آپ کو تفویض کیا گیا ہے تو ہاتھ کھڑا کریں۔ اگر آپ اس اسکول میں نہیں پڑھتے ہیں، تو فیلڈ E کو خالی چھوڑیں۔

جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:

- کچھ حتمی پوائنٹس میرے پڑھ لینے کے بعد، آپ صرف چند منٹس میں امتحان شروع کر دیں گے۔

  امتحان کے دوران، اپنی جوابی شیٹ اور امتحانی کتاب کو ڈیسک پر چپٹا کر کے رکھیں۔ اگر آپ کو اپنی جوابی شیٹ یا امتحانی کتاب میں کچھ غلط ملتا ہے، جیسا کہ صفحہ غائب ہے، تو اسی وقت اپنا ہاتھ کھڑا کریں۔ میں کمرے میں گھوم پھر کر آپ کی پیشرفت چیک کروں گا۔

  PSAT 8/9 کے لیے، آپ ایک بار میں صرف ایک ہی سیکشن پر کام کر سکتے ہیں۔ آپ کو اگلے سیکشن پر جانے کی اجازت نہیں ہے جب تک کہ کہا نہ جائے۔ یہ آپ کی عادت کے خلاف ہو سکتا ہے، لہٰذا کسی اگلے پر نہ جانا یا گزشتہ سیکشن کو نہ دیکھنا یقینی بنائیں، چاہے آپ اپنا موجودہ سیکشن مکمل کر چکے ہوں۔

  جوابی شیٹس اور امتحانی کتابیں کمرہ امتحان سے کبھی بھی باہر نہیں لے جانی چاہئیں۔

  اگر امتحان کے طریق کار کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو براہ کرم انہیں اب پوچھ لیں۔ میں امتحان کے موقت سیکشنز کے دوران سوالوں کا جواب نہیں دے پاؤں گا۔

1.5 سرورق کی ہدایات

مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سرورق کا ترجمہ ہے۔

اہم یاد دہانیاں

1

اس امتحان کے لئے نمبر 2 پنسل درکار ہے۔ میکینکل پینسل یا پین استعمال نہ کریں۔

2

امتحان کے سوالات یا جوابات کسی کے ساتھ شیئر کرنا ہماری شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی ہے۔ اگر آپ ہماری شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو، ہم آپ کے اسکور منسوخ کر اور آپ کے آئندہ تشخیصات لینے سے روک سکتے ہیں۔

یہ امتحانی کتاب کمرے سے باہر نہیں لے جانی چاہیئے۔ اس امتحانی کتاب کے کسی بھی حصے کی غیر مجاز نقل یا استعمال ممنوع ہے۔

© 2020 College Board۔ College Board اور acorn کے لوگو College Board کے رجسٹرڈ تجارتی نشانات ہیں۔ PSAT ایک تجارتی نشان ہے جو College Board کی زیر ملکیت ہے۔

1.6 پچھلے کور کی ہدایات

مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے پچھلے کور کا ترجمہ ہے۔ جب ہدایت دی جائے، تو آپ کو اس دستاویز میں نہیں، بلکہ امتحانی کتاب یا جوابی شیٹ میں لکھنا چاہیئے۔

آپ کا نام (جلی حروف میں) ______________________________

اختتامی نام   پہلا نام   درمیانی نام

سکول ______________________________

اسکول کا کوڈ   سکول کا نام   کمرۂ امتحان کا کوڈ / نام

PSAT 8/9

عمومی ہدایات

- آپ ایک وقت میں صرف ایک ہی سیکشن پر کام کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ وقت ختم ہونے کا اعلان کیے جانے سے پہلے کوئی سیکشن مکمل کر لیتے ہیں، تو اس سیکشن میں اپنے کام کو چیک کر لیں۔ آپ کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔

جوابات نشان زد کرنا

- اپنی جوابی شیٹ کو درست طریقے سے نشان زد کرنا یقینی بنائیں۔

مکمل کا نشان: **نامکمل کے نشانات:**

- آپ کو نمبر 2 پنسل استعمال کرنی چاہیئے۔
- ہر سوال کے لئے دھیان سے صرف ایک ہی جواب نشان زد کریں۔
- پورے بلبلے کو گہرے اور مکمل طور پر بھرنا یقینی بنائیں۔
- اپنی جوابی شیٹ میں بلا وجہ کوئی نشان مت ڈالیں۔
- اگر آپ مٹاتے ہیں، تو مکمل طور پر مٹائیں۔ نامکمل طور پر مٹانے کو مقصودہ جواب کے طور پر اسکور دیا جا سکتا ہے۔
- جواب دینے کی صرف وہی جگہیں استعمال کریں جو سوال نمبر سے متعلق ہوں۔

اپنی امتحانی کتاب استعمال کرنا

- آپ امتحانی کتاب کو فالتو کام کے لئے استعمال کر سکتے ہیں، تاہم آپ اپنی امتحانی کتاب میں جو کچھ بھی لکھیں گے اس کے لئے آپ کو کریڈٹ موصول نہیں ہو گا۔
- وقت ختم ہونے کا اعلان ہونے کے بعد، آپ اپنی امتحانی کتاب سے جوابی شیٹ میں جوابات منتقل نہیں کر سکتے نہ ہی بلبلے بھر سکتے ہیں۔
- آپ اس کتاب کے کسی صفحہ یا صفحہ کے حصوں کو تہ کر سکتے یا ہٹا نہیں سکتے، نہ ہی کتاب یا جوابی شیٹ کو کمرہ امتحان سے باہر لے جا سکتے ہیں۔

اسکورنگ

- ہر درست جواب کے لئے، آپ کو ایک پوائنٹ ملے گا۔
- غلط جوابات کے لئے آپ کے پوائنٹس نہیں کاٹے جائیں گے؛ لہٰذا آپ کو ہر سوال کا جواب دینے کی کوشش کرنی چاہیئے چاہے آپ کو درست جواب کا یقینی طور پر علم نہ بھی ہو۔

اہم

مندرجہ ذیل کوڈز آپ کی امتحانی کتاب کے لئے منفرد ہیں۔ انہیں اپنی جوابی شیٹ کے فیلڈز A اور B میں نقل کریں اور جس طرح دکھایا گیا ہے عین اسی طرح متعلقہ بلبلوں کو بھریں۔





اس امتحان کے لیے اقتباسات میں شامل آئیڈیاز، جن میں سے کچھ شائع شدہ مواد سے مستنبط یا ماخوذ ہیں، لازمی طور پر College Board کی آراء کی نمائندگی نہیں کرتے ہیں۔

یہ کتاب مت کھولیں جب تک کہ آپ کا نگران آپ سے ایسا کرنے کو نہ کہے۔

2 سیکشن 1: مطالعہ کا امتحان

سیکشن نمبر 1 کیلئے معیاری وقت 55 منٹ ہے جبکہ سیکشن کے اختتام پر 5 منٹ کا وقفہ ملے گا۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد امتحانی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔

جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:

ہم سیکشن 1، مطالعہ کے امتحان سے امتحان لینا شروع کریں گے۔ ہمارے آغاز کرنے کے بعد آپ کے پاس سیکشن 1 پر کام کرنے کیلئے 55 منٹ ہوں گے۔ جب یہ سیکشن ختم ہو جائے گا تو ہم ایک 5 منٹ کا وقفہ لیں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا، اور میں سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔

براہ کرم صفحہ 3 پر اپنے امتحانی پرچے کا سیکشن 1 پلٹیں۔ جب تک میں نہ کہوں کام شروع مت کریں۔ اپنی ڈیسک پر اپنی جوابی شیٹ کو کھول کر اور چپٹا کر کے رکھیں۔ صفحات کو پیچھے کی طرف مت موڑیں۔ جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 1 میں اپنے جوابات نشان زد کرنا یقینی بنائیں اور چیک کر لیں کہ آپ کے جوابات ہر نمبر شدہ سوال کیلئے درست جگہ میں ہیں۔ اگر آپ کوئی سوال بعد میں مکمل کرنے کے لئے چھوڑتے ہیں، تو جوابی شیٹ میں اس کی سطر خالی چھوڑنا یقینی بنائیں۔ اگر آپ اپنا جواب تبدیل کرتے ہیں، تو اسے ممکنہ حد تک پوری طرح سے مٹائیں۔

اگر آپ میرے وقت ختم ہونے کا اعلان کرنے سے پہلے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ اس سیکشن میں اپنا کام چیک کر سکتے ہیں مگر آپ کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔ غلط جوابات پر آپ کے پوائنٹس نہیں کاٹے جائیں گے، لہٰذا ہر سوال کا جواب دینے کی کوشش کریں، چاہے آپ کو درست جواب کا یقینی طور پر علم نہ بھی ہو۔

اب، براہ کرم اپنی امتحانی کتاب کا سیکشن 1 کھولیں۔ ہدایات پڑھیں اور کام شروع کریں۔ میری نیک تمنائیں، آپ سب کے ساتھ ہیں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

30 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

آپ کے پاس سیکشن نمبر 1 کیلئے 25 منٹ باقی ہیں۔

50 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

آپ کے پاس سیکشن نمبر 1 کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

عین 55 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

براہ کرم کام روک دیں اور اپنی پنسل نیچے رکھ دیں۔

وقفے کے بعد اپنی جگہ فوراً تلاش کرنے میں سہولت کے لئے، اپنی جوابی شیٹ کو امتحانی کتاب کے اس صفحے کے اوپر رکھیں جہاں آپ نے کام کرنا بند کیا تھا۔ اپنی امتحانی کتاب بند کر کے اسے اپنی ڈیسک پر چھوڑ دیں۔

وقفے کے لئے، آپ کا نگران کہے گا:

اب ہم تناؤ لانے کے لئے 5 منٹ کے وقفے پر رکیں گے۔ وقفے کے دوران امتحان کے سوالات پر گفتگو نہ کریں یا اجازت کے بغیر کمرۂ امتحان سے باہر نہ جائیں۔

آپ اس وقفے میں یا امتحان کے دوران دیگر کسی وقفے میں فون یا کسی اور الیکٹرونک آلے تک رسائی حاصل یا انہیں استعمال نہیں کر سکتے۔ تمام فونز اور دیگر آلات امتحان ختم ہونے تک پاور آف اور پرے رکھے ہونے چاہیئں۔

اگر میں آپ کو کمرے سے نکلنے کی اجازت دوں، تو ان اصولوں پر عمل کریں:

- صرف تفویض کردہ جگہوں، ہال یا واش روم جائیں۔
- براہ کرم دیگر کمروں میں کام کرنے والے طلبا کا خیال کریں اور ہال میں بات چیت نہ کریں۔
- اگر آپ اسنیکس لائے ہیں تو آپ انہیں صرف تفویض کردہ جگہوں میں ہی کھا سکتے ہیں۔

ہم عین 5 منٹ کے بعد امتحان دوبارہ شروع کر دیں گے۔

2.1 سیکشن 1 امتحانی کتاب کی ہدایات

مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن نمبر 1 کے آغاز میں موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔

---

55 منٹ، 42 سوالات (معیاری وقت)

اس سیکشن میں موجود سوالات کا جواب دینے کیلئے اپنی جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 1 پر جائیں۔

ہدایات

ذیل میں موجود ہر اقتباس یا اقتباسات کے جوڑے کے بعد کئی سوالات ہیں۔ ہر اقتباس یا جوڑے کو پڑھنے کے بعد، اقتباس یا اقتباسات اور ساتھ دیے گئے کسی بھی نقشے (جیسا کہ ٹیبل یا گراف) میں جو بیان کیا گیا ہے یا جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اس کی بنیاد پر ہر سوال کا بہترین جواب منتخب کریں۔

2.2 سیکشنز کے بیچ وقفہ

وقفے کے اختتام پر، آپ کا نگران کہے گا:

براہ کرم اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔ جب تک میں نہ کہوں اپنی امتحانی کتاب مت کھولیں۔

3 سیکشن 2: تحریر اور زبان کا امتحا

سیکشن نمبر 2 کیلئے معیاری وقت 30 منٹ ہے۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد امتحانی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔

جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:

اب ہم سیکشن 2، تحریر اور زبان کے امتحان پر جائیں گے۔ ہمارے آغاز کرنے کے بعد آپ کے پاس سیکشن 2 پر کام کرنے کیلئے 30 منٹ ہوں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا، اور میں سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔

اپنا جوابی پرچہ نکالیں، اور اپنے جوابی پرچے پر سیکشن 2 تلاش کریں۔ جب تک میں نہ کہوں کام شروع مت کریں۔ اپنی ڈیسک پر اپنی جوابی شیٹ کو کھول کر اور چپٹا کر کے رکھیں۔ صفحات کو پیچھے کی طرف مت موڑیں۔ جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 2 میں اپنے جوابات نشان زد کرنا یقینی بنائیں اور چیک کر لیں کہ آپ کے جوابات ہر نمبر شدہ سوال کیلئے درست جگہ میں ہیں۔

اگر آپ میرے وقت ختم ہونے کا اعلان کرنے سے پہلے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ اس سیکشن میں اپنا کام چیک کر سکتے ہیں مگر آپ کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔

اب، براہ کرم اپنی امتحانی کتاب کا سیکشن 2 کھولیں۔ ہدایات پڑھیں اور کام شروع کریں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

15 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

آپ کے پاس سیکشن نمبر 2 کیلئے 15 منٹ باقی ہیں۔

25 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

آپ کے پاس سیکشن نمبر 2 کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

عین 30 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

براہ کرم کام روک دیں اور اپنی پنسل نیچے رکھ دیں۔

اپنی جگہ فوراً تلاش کرنے میں سہولت کے لئے، اپنی جوابی شیٹ کو اپنی امتحانی کتاب کے اس صفحے کے اوپر رکھیں جہاں آپ نے کام کرنا بند کیا تھا۔ اپنی امتحانی کتاب بند کر کے اسے اپنی ڈیسک پر چھوڑ دیں۔

3.1 سیکشن 2 امتحانی کتاب کی ہدایات

مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن نمبر 2 کے آغاز میں موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔

---

30 منٹ، 40 سوالات (معیاری وقت)

اس سیکشن میں موجود سوالات کا جواب دینے کیلئے اپنی جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 2 پر جائیں۔

ہدایات

ذیل میں ہر اقتباس کے ساتھ کئی سوالات ہیں۔ کچھ سوالات کیلئے آپ کو اس پر غور کرنا ہوگا کہ خیالات کے اظہار کو بہتر بنانے کیلئے پیراگراف میں کیا تبدیلیاں کر کے اسے دوبارہ لکھا جا سکتا ہے۔ دیگر سوالات کیلئے، آپ کو یہ غور کرنا ہوگا کہ جملے کی ترتیب، استعمال یا رموز اوقاف کی غلطیوں کی اصلاح کرنے کیلئے پیراگراف میں کس طرح ترمیم کی جا سکتی ہے۔ پیراگراف یا سوال کے ساتھ ایک یا ایک سے زائد تصاویر (جیسے کہ ٹیبل یا گراف) ہو سکتی ہیں جنہیں آپ نظر ثانی کرتے ہوئے اور ترمیم کرنے کے فیصلے لیتے ہوئے پیش نظر رکھیں گے۔

کچھ سوالات آپ کو اقتباس کے خط کشیدہ حصے پر لے جائیں گے۔ دیگر سوالات آپ کو اقتباس کے کسی مقام پر لے جائیں گے یا آپ سے پورے اقتباس پر غور و فکر کرنے کا کہیں گے۔

ہر پیراگراف کو پڑھنے کے بعد، ہر سوال کا وہ جواب منتخب کریں جو سب سے زیادہ افادیت کے ساتھ پیراگراف میں تحریر نگاری کا معیار بہتر بناتا ہے یا جو پیراگراف کو انگریزی تحریر نگاری کے معیاری اسلوب کے مطابق ڈھالتا ہے۔ بہت سے سوالات میں "NO CHANGE"("کوئی تبدیلی نہیں") کا اختیار شامل ہے۔ اس اختیار کو اس صورت میں منتخب کریں اگر آپ سمجھتے ہوں کہ بہترین انتخاب پیراگراف کے متعلقہ حصے کو جوں کا توں رہنے دینا ہے۔

---

4 سیکشن 3: ریاضی کا امتحان – کوئی کیلکولیٹر نہیں

سیکشن نمبر 3 کیلئے معیاری وقت 20 منٹ ہے جبکہ سیکشن کے اختتام پر 5 منٹ کا وقفہ ملے گا۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد امتحانی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔

جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:

اب ہم سیکشن نمبر 3، بغیر کیلکولیٹر کے ریاضی کا امتحان پر جائیں گے۔ ہمارے آغاز کرنے کے بعد آپ کے پاس سیکشن 3 پر کام کرنے کیلئے 20 منٹ ہوں گے۔ جب یہ سیکشن ختم ہو جائے گا تو ہم ایک 5 منٹ کا وقفہ لیں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا، اور میں سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔

اپنا جوابی پرچہ نکالیں، اور اپنے جوابی پرچے پر سیکشن 3 تلاش کریں۔ جب تک میں نہ کہوں کام شروع مت کریں۔ اپنی ڈیسک پر اپنی جوابی شیٹ کو کھول کر اور چپٹا کر کے رکھیں۔ صفحات کو پیچھے کی طرف مت موڑیں۔ جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 3 میں اپنے جوابات نشان زد کرنا یقینی بنائیں اور چیک کر لیں کہ آپ کے جوابات ہر نمبر شدہ سوال کیلئے درست جگہ میں ہیں۔

زیادہ تر سوالات متعدد انتخابات والے ہیں تاہم آخری چند سوالات "Student-Produced Responses" (طلبا سے حاصل کردہ جوابات) ہیں۔ ان سوالوں کے آپ کے جوابات درج کرنے کے لیے ہدایات آپ کی امتحانی کتاب میں ہیں۔ آپ کو اپنا جواب ریکارڈ کرنے کیلئے کبھی بھی 4 سے زیادہ جگہوں کی ضرورت نہیں ہوگی اگرچہ ممکن ہے کہ کچھ جوابات 4 جگہیں استعمال نہ کریں۔ اگر آپ کو اپنے جوابات اپنی امتحانی کتاب میں درج کرنے کی منظوری ملی ہے تو یقینی طور پر اپنے جوابات واضح طور پر نشان زد کریں (مثلاً، اپنے آخری جواب پر دائرہ بنائیں)۔

ویسے تو یہ ریاضی کے امتحان کا ایک جزہے، مگر اب آپ کو تب تک کیلکولیٹر استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے جب تک آپ کو سہولت کے بطور 4 فنکشن والے کیلکولیٹر کا استعمال کرنے کی اجازت نہ ہو۔ بصورت دیگر، اپنا کیلکولیٹر اپنی ڈیسک کے نیچے رکھیں۔

اگر آپ میرے وقت ختم ہونے کا اعلان کرنے سے پہلے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ اس سیکشن میں اپنا کام چیک کر سکتے ہیں مگر آپ کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔

اب، براہ کرم اپنی امتحانی کتاب کا سیکشن 3 کھولیں۔ ہدایات پڑھیں اور کام شروع کریں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

10 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

آپ کے پاس سیکشن نمبر 3 کیلئے 10 منٹ باقی ہیں۔

15 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

آپ کے پاس سیکشن نمبر 3 کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

عین 20 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

براہ کرم کام روک دیں اور اپنی پنسل نیچے رکھ دیں۔

وقفے کے بعد اپنی جگہ فوراً تلاش کرنے میں سہولت کے لئے، اپنی جوابی شیٹ کو امتحانی کتاب کے اس صفحے کے اوپر رکھیں جہاں آپ نے کام کرنا بند کیا تھا۔ اپنی امتحانی کتاب بند کر کے اسے اپنی ڈیسک پر چھوڑ دیں۔

وقفے کے لئے، آپ کا نگران کہے گا:

اب ہم تناؤ لانے کے لئے 5 منٹ کے وقفے پر رکیں گے۔ وقفے کے دوران امتحان کے سوالات پر گفتگو نہ کریں یا اجازت کے بغیر کمرۂ امتحان سے باہر نہ جائیں۔

ہم عین 5 منٹ کے بعد امتحان دوبارہ شروع کر دیں گے۔

4.1 سیکشن 3 امتحانی کتاب کی ہدایات

مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن نمبر 3 کے آغاز میں موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔

---

20 منٹ، 13 سوالات (معیاری وقت)

اس سیکشن میں موجود سوالات کا جواب دینے کیلئے اپنی جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 3 پر جائیں۔

ہدایات

سوالات 1-10 کیلئے، ہر مسئلے کو حل کریں، فراہم کردہ انتخابات سے بہترین جواب منتخب کریں اور اپنی جوابی شیٹ میں مماثل بلبلے کو بھریں۔ **سوالات 11-13 کیلئے**، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب درج کریں۔ براہ کرم سوال نمبر 11 سے پہلے گرڈ میں اپنے جوابات درج کرنے کے حوالے سے ہدایات سے رجوع کریں۔ آپ فالتو کام کیلئے اپنے امتحانی کتابچہ میں دستیاب کوئی بھی جگہ استعمال کر سکتے ہیں۔

نوٹس

1. کیلکولیٹر کے استعمال کی **اجازت نہیں ہے**۔
2. استعمال کردہ سبھی متغیرات اور علامات ریاضی حقیقی اعداد کو ظاہر کرتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
3. اس امتحان میں فراہم کردہ تصاویر پیمانے کے لحاظ سے بنائی گئی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
4. سبھی تصاویر ایک ہی سطح پر ہوتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
5. جب تک کہ اس کے برعکس نشاندہی نہ کی گئی ہو، دیے گئے فنکشن *f* کی ڈومین سبھی حقیقی اعداد *x* پر سیٹ ہے جس کیلئے *f*(*x*) ایک حقیقی عدد ہے۔

حوالہ



دائرے کے اندر خم کے زاویے کا عدد 360 ہے۔
دائرے کے اندر خم کے قطر کا عدد 2π ہے۔
مثلث کے زاویوں کی ڈگری کی پیمائش کی جمع 180 ہے۔

ہدایات

سوالات 13-11 کیلئے، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب حسب ذیل بیان کردہ طریقے کے مطابق درج کریں۔

1. اگرچہ لازمی نہیں ہے تاہم تجویز کیا جاتا ہے کہ آپ اپنا جواب کالمز کے ٹاپ پر باکسز میں لکھیں تاکہ بلبلے بالکل درست طور پر بھرنے میں سہولت ہو۔ آپ کو کریڈٹ صرف اس صورت میں ملے گا جب بلبلے درست طور پر بھرے ہوئے ہوں گے۔
2. کسی بھی کالم میں ایک سے زائد بلبلہ کو نشان زد نہ کریں۔
3. کسی سوال کا جواب منفی میں نہیں ہے۔
4. کچھ مسائل کے ایک سے زائد درست جوابات ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورتوں میں، صرف ایک ہی جواب گرڈ میں درج کریں۔
5. **مخلوط اعداد** جیسا کہ $3\frac{1}{2}$ کو 3.5 یا 7/2 کے طور پر گرڈ میں درج کرنا چاہئیے۔ (اگر  کو گرڈ میں درج کیا جاتا ہے تو اسے $\frac{31}{2}$ سمجھا جائے گا نہ کہ $3\frac{1}{2}$۔)
6. **اعشاریہ والے جوابات:** اگر آپ کو اعشاریہ والا ایسا جواب ملتا ہے جس میں گرڈ کی گنجائش سے زیادہ ہندسے ہیں تو اسے راؤنڈ یا مختصر کیا جا سکتا ہے تاہم اسے پوری گرڈ کے اندر مکمل طور پر آنا چاہئیے۔



$\frac{2}{3}$ **کو گرڈ کرنے کے قابل قبول طریقے یہ ہیں:**



جواب: 201 – دونوں مقامات درست ہیں



نوٹ:
یُمکنك آپ کسی بھی کالم میں اپنے جوابات شروع کر سکتے ہیں جہاں جگہ اجازت دے۔ آپ جو کالم استعمال نہیں کرنا چاہتے ہیں انہیں خالی چھوڑ دینا چاہئیے۔

4.2 سیکشنز کے بیچ وقفہ

وقفے کے اختتام پر، آپ کا نگران کہے گا:

براہ کرم اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔ جب تک میں نہ کہوں اپنی امتحانی کتاب مت کھولیں۔

5 سیکشن 4: ریاضی کا امتحان – کیلکولیٹر

سیکشن نمبر 4 کیلئے معیاری وقت 40 منٹ ہے۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد امتحانی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔

جب طلبا تیار ہو جائیں گے، تو آپ کا نگران کہے گا:

اب ہم سیکشن نمبر 4، کیلکولیٹر کے ساتھ ریاضی کا امتحان پر جائیں گے۔ یہ امتحان کا آخری سیکشن ہے — آپ نے تقریباً مکمل کر لیا ہے۔ ہمارے آغاز کرنے کے بعد آپ کے پاس سیکشن 4 پر کام کرنے کیلئے 40 منٹ ہوں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا، اور میں سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔

آپ اس سیکشن کیلئے کیلکولیٹر استعمال کر سکتے ہیں؛ اگر آپ کے پاس کیلکولیٹر ہے تو براہ کرم اسے ابھی اپنے ڈیسک پر رکھیں۔ اگرچہ آپ کو اس سیکشن کیلئے کیلکولیٹر استعمال کرنے کی اجازت ہے تاہم سبھی سوالات کا جواب کیلکولیٹر کے بغیر بھی دیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کیلکولیٹر استعمال کرتے ہیں تو ان رہنما خطوط پر عمل کرنا یاد رکھیں:

- اسے اپنی ڈیسک پر چپٹی پوزیشن میں رکھیں یا اس طرح پکڑیں کہ دیگر طلبا آپ کا کام نہ دیکھ سکیں۔
- کسی اور کے ساتھ اپنے کیلکولیٹر کا اشتراک یا تبادلہ نہ کریں۔
- اگر آپ بیک اپ کیلکولیٹر یا بیٹریاں لائے ہیں تو انہیں اپنی ڈیسک کے نیچے فرش پر رکھیں۔
- اگر آپ کا کیلکولیٹر خراب ہو جاتا ہے اور آپ کے پاس بیٹریاں یا بیک اپ کیلکولیٹر ہے تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔ میں آپ کی اعانت کرنے آؤں گا۔ اگر آپ کے پاس بیک اپ نہیں ہے تو امتحان دینا جاری رکھیں اور اپنی بہترین کارکردگی دکھانے کی کوشش کریں۔

اپنا جوابی پرچہ نکالیں، اور اپنے جوابی پرچے پر سیکشن 4 تلاش کریں۔ جب تک میں نہ کہوں کام شروع مت کریں۔ اپنی ڈیسک پر اپنی جوابی شیٹ کو کھول کر اور چپٹا کر کے رکھیں۔ صفحات کو پیچھے کی طرف مت موڑیں۔ جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 4 میں اپنے جوابات نشان زد کرنا یقینی بنائیں اور چیک کر لیں کہ آپ کے جوابات ہر نمبر شدہ سوال کیلئے درست جگہ میں ہیں۔

زیادہ تر سوالات متعدد انتخابات والے ہیں تاہم آخری چند سوالات "Student-Produced Responses" (طلبا سے حاصل کردہ جوابات) ہیں۔ ان سوالوں کے آپ کے جوابات درج کرنے کے لیے ہدایات آپ کی امتحانی کتاب میں ہیں۔ آپ کو اپنا جواب ریکارڈ کرنے کیلئے کبھی بھی 4 سے زیادہ جگہوں کی ضرورت نہیں ہوگی اگرچہ ممکن ہے کہ کچھ جوابات 4 جگہیں استعمال نہ کریں۔ اگر آپ کو اپنے جوابات اپنی امتحانی کتاب میں درج کرنے کی منظوری ملی ہے تو یقینی طور پر اپنے جوابات واضح طور پر نشان زد کریں (مثلاً، اپنے آخری جواب پر دائرہ بنائیں)۔

اگر آپ میرے وقت ختم ہونے کا اعلان کرنے سے پہلے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ اس سیکشن میں اپنا کام چیک کر سکتے ہیں مگر آپ کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔

اب، براہ کرم اپنی امتحانی کتاب کا سیکشن 4 کھولیں۔ ہدایات پڑھیں اور کام شروع کریں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

20 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

آپ کے پاس سیکشن نمبر 4 کیلئے 20 منٹ باقی ہیں۔

35 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

آپ کے پاس سیکشن نمبر 4 کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

عین 40 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:

براہ کرم کام روک دیں اور اپنی پنسل نیچے رکھ دیں۔

اپنی جوابی شیٹ اس طرح بند کریں کہ صفحہ 1 اوپر رہے۔ اپنی امتحانی کتاب بند کریں اور اسے اپنی جوابی شیٹ کے اوپر رکھیں۔

5.1 سیکشن 4 امتحانی کتاب کی ہدایات

مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن نمبر 4 کے آغاز میں موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔

---

40 منٹ، 25 سوالات (معیاری وقت)

اس سیکشن میں موجود سوالات کا جواب دینے کیلئے اپنی جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 4 پر جائیں۔

ہدایات

سوالات 1-21 کیلئے، ہر مسئلے کو حل کریں، فراہم کردہ انتخابات سے بہترین جواب منتخب کریں اور اپنی جوابی شیٹ میں مماثل بلبلے کو بھریں۔ **سوالات 22-25 کیلئے**، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب درج کریں۔ براہ کرم سوال نمبر 22 سے پہلے گرڈ میں اپنے جوابات درج کرنے کے حوالے سے ہدایات سے رجوع کریں۔ آپ فالتو کام کیلئے اپنے امتحانی کتابچہ میں دستیاب کوئی بھی جگہ استعمال کر سکتے ہیں۔

نوٹس

1. کیلکولیٹر کے استعمال کی **اجازت ہے**۔
2. استعمال کردہ سبھی متغیرات اور علامات ریاضی حقیقی اعداد کو ظاہر کرتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
3. اس امتحان میں فراہم کردہ تصاویر پیمانے کے لحاظ سے بنائی گئی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
4. سبھی تصاویر ایک ہی سطح پر ہوتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
5. جب تک کہ اس کے برعکس نشاندہی نہ کی گئی ہو، دیے گئے فنکشن *f* کی ڈومین سبھی حقیقی اعداد *x* پر سیٹ ہے جس کیلئے *f*(*x*) حقیقی عدد ہے۔

حوالہ



دائرے کے اندر خم کے زاویے کا عدد 360 ہے۔
دائرے کے اندر خم کے قطر کا عدد 2π ہے۔
مثلث کے زاویوں کی ڈگری کی پیمائش کی جمع 180 ہے۔

ہدایات

سوالات 25-22 کیلئے، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب حسب ذیل بیان کردہ طریقے کے مطابق درج کریں۔

1. اگرچہ لازمی نہیں ہے تاہم تجویز کیا جاتا ہے کہ آپ اپنا جواب کالمز کے ٹاپ پر باکسز میں لکھیں تاکہ بلبلے بالکل درست طور پر بھرنے میں سہولت ہو۔ آپ کو کریڈٹ صرف اس صورت میں ملے گا جب بلبلے درست طور پر بھرے ہوئے ہوں گے۔
2. کسی بھی کالم میں ایک سے زائد بلبلہ کو نشان زد نہ کریں۔
3. کسی سوال کا جواب منفی میں نہیں ہے۔
4. کچھ مسائل کے ایک سے زائد درست جوابات ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورتوں میں، صرف ایک ہی جواب گرڈ میں درج کریں۔
5. **مخلوط اعداد** جیسا کہ $3\frac{1}{2}$ کو 3.5 یا 7/2 کے طور پر گرڈ میں درج کرنا چاہیئے۔ (اگر  کو گرڈ میں درج کیا جاتا ہے تو اسے $\frac{31}{2}$ سمجھا جائے گا نہ کہ $3\frac{1}{2}$ ۔)
6. **اعشاریہ والے جوابات:** اگر آپ کو اعشاریہ والا ایسا جواب ملتا ہے جس میں گرڈ کی گنجائش سے زیادہ ہندسے ہیں تو اسے راؤنڈ یا مختصر کیا جا سکتا ہے تاہم اسے پوری گرڈ کے اندر مکمل طور پر آنا چاہیئے۔



$\frac{2}{3}$ کو گرڈ کرنے کے قابل قبول طریقے یہ ہیں:



جواب: 201 – دونوں مقامات درست ہیں



نوٹ:
یُمکنك آپ کسی بھی کالم میں اپنے جوابات شروع کر سکتے ہیں جہاں جگہ اجازت دے۔ آپ جو کالم استعمال نہیں کرنا چاہتے ہیں انہیں خالی چھوڑ دینا چاہیئے۔

---

6 برخاستگی

آپ کا نگران کہے گا:

مبارک ہو—آپ نے ابھی امتحان مکمل کر لیا ہے۔ جب تک میں آپ کو برخاست نہ کردوں تب تک اپنی نشستوں پر رہیں۔

امتحانی مواد اکٹھا کرنے سے پہلے، آپ کا نگران کہے گا:

اس سے پہلے کہ میں آپ کا امتحانی مواد لوں، براہ کرم اپنی جوابی شیٹ کو پلٹ کر رکھ دیں اور چیک کر لیں کہ آپ نے فیلڈ A میں Form Code (فارم کوڈ) پُر کیا ہے۔ یہ Form Code (فارم کوڈ) آپ کے امتحان کی سکورنگ کیلئے درکار ہے۔ چیک کر لیں کہ آپ نے فیلڈ B بھی مکمل کر لیا ہے۔

اگر آپ کی امتحانی کتاب یا دیگر امتحانی فارمیٹ پر سرورق پر نمبر شمار ہے تو براہ کرم فیلڈ C مکمل ہونے کو یقینی بنائیں۔

کوئی فیلڈ مکمل کرنے میں اگر آپ کو اعانت درکار ہو تو براہ کرم اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

6.1 امتحانی کتابیں اور امتحان کے دیگر مواد اکٹھا کرنا

جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:

میں اب آپ کی امتحانی کتابیں اکٹھا کروں گا۔ براہ کرم اپنی جوابی شیٹس کو اپنی ڈیسک پر چپٹا رکھیں اور خاموشی سے بیٹھیں۔

6.2 ختم کرنا

سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

اگر آپ کو اب بھی اپنی جوابی شیٹ پر ذاتی، غیر امتحانی معلومات پُر کرنی ہیں ہو براہ کرم اپنی جوابی شیٹ کا رخ نیچے کی طرف کرکے اپنی ڈیسک پر رکھیں۔ خاموشی سے بیٹھ جائیں اور جوابی شیٹ میں کچھ نہ لکھیں جب تک کہ میں دیگر طلبا کو برخاست کر رہا ہوں۔ چند منٹ کے بعد میں آپ کو جوابی شیٹس مکمل کرنے میں مدد کروں گا۔

اگر آپ نے اپنی جوابی شیٹ پر تمام غیر امتحانی مواد مکمل کر لیا ہے تو براہ کرم اپنی جوابی شیٹ کا رخ اوپر کی طرف کر کے اسے اپنی ڈیسک پر رکھیں۔ جب تک میں آپ کو برخاست نہ کروں تب تک براہ کرم خاموشی سے بیٹھیں۔

ان طلبا کے لیے جنہوں نے جوابی پرچوں پر ذاتی معلومات مکمل کر لی ہیں، آپ کا نگران جوابی پرچے اکٹھا کرنے کی آگے کی کارروائی کرے گا۔

6.3 جوابی شیٹ مکمل کرنا

سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

براہ کرم اپنی *Student Answer Sheet Instructions* نامی کتابچہ کے صفحہ 1 پر نظر ڈالیں۔ آپ کو کچھ باقیماندہ سوالوں کو مکمل کرنے کیلئے معلومات اور ہدایات درکار ہوں گی۔ تھوڑا وقت نکال کر شروعاتی پیراگراف، بشمول رازداری کے بارے میں معلومات کو پڑھیں۔ مکمل ہوجانے پر براہ کرم سامنے کی طرف دیکھیں۔

جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:

اگر آپ کے جوابی پرچے پر ایسا لیبل لگاتا ہے جس پر آپ کے گھر کا پتہ ڈسپلے ہے تو تصدیق کریں کہ آپ کا پتہ درست ہے۔

اپنے جوابی پرچے کا صفحہ 2 کھولیں۔ اگر لیبل پر آپ کا پتہ صحی ہے تو آپ 9 سے لے کر 13 تک کی فیلڈ چھوڑ سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنے پتے میں کوئی غلطی نظر آتی ہے یا آپ کے پاس اپنے پتہ والا لیبل نہیں ہے تو آپ کو جوابی شیٹ پر اپنا درست پتہ بھرنا ہوگا۔

اپنا پتہ بھرنے والے تمام طلبا کے لیے، آپ کا نگران کہے گا:

اپنی *Student Answer Sheet Instructions* کتابچہ میں درج ہدایات پر عمل کرکے 9 سے لے کر 13 تک فیلڈ میں اپنے گھر کا پتہ لکھیں اور بلبلوں کو بھریں۔ اگر آپ سوالات پوچھنا چاہتے ہوں تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔ اگر آپ کا پتہ تبدیل ہو جاتا ہے اور اگر آپ کی عمر 13 سال یا اس سے اوپر ہے تو آپ ہمیشہ اپنے College Board اکاؤنٹ کی معرفت اسے اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ہوم اسکول میں ہیں تو College Board کو آپ کے سکور رپورٹ کی ایک کاپی آپ کو میل کرنے کیلئے پتہ درکار ہوتا ہے۔

فیلڈ 14 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

فیلڈ نمبر 14 آپ کا موبائل نمبر طلب کرتی ہے۔ اگر یہ امریکی موبائل نمبر نہیں ہے تو براہ کرم فیلڈ 14 کو خالی چھوڑ دیں۔

اگر آپ کے پاس امریکی نمبر ہے تو اپنا نمبر فراہم کرنے کے بارے میں فیلڈ 14 میں درج معلومات پڑھیں۔ College Board معلومات جیسے آپ کے اسکور تیار ہوجانے پر انہیں بھیجنے کیلئے اسے استعمال کرے گا۔ آپ کبھی بھی آپٹ آؤٹ کر سکتے ہیں۔ College Board دوسری تنظیموں کے ساتھ آپ کے فون نمبر کا اشتراک نہیں کرے گا۔

یہ فیلڈ اختیاری ہے۔ اگر آپ اپنے جوابی پرچے پر درج شرائط سے اتفاق کرتے ہیں تو فیلڈ میں اپنا نمبر درج کریں، ایریا کوڈ سے شروع کریں اور مناسب بلبلے بھریں۔ جب آپ ختم کر لیں تو براہ کرم سامنے کی طرف دیکھیں۔

فیلڈ 15 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

اپنی *Student Answer Sheet Instructions* کتابچہ میں درج ہدایات پر عمل کرکے فیلڈ 15 بھریں۔ اگر آپ سوالات پوچھنا چاہتے ہوں تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

اب آپ کا نگران کہے گا:

فیلڈ 16 سے لے کر 19 تک سوالوں کے آپ کے جوابات یہ یقینی بنانے میں مدد کریں گے کہ امتحان اور خدمات تمام طلبا کے لیے شفاف اور مفید ہیں۔ اس وجہ سے، ہم تما طلبہ کو یہ سیکشن مکمل کرنے کی پرزور ترغیب دیتے ہیں۔ آپ کے جوابات تحقیقی مقاصد کے لیے بھی استعمال کیے جائیں گے اور آپ کے اسکول، اسکولی ضلع اور ریاست کے ساتھ شیئر کیے جائیں گے۔

یہ فیلڈز اختیاری ہیں۔ اگر آپ کے والدین یا سرپرست نے آپ سے کہا ہے کہ آپ کو کوئی اختیاری یا رضاکارانہ معلومات پُر نہیں کرنی چاہئیں تو براہ کرم خاموشی سے بیٹھے رہیں جب تک کہ ہم یہ سرگرمی مکمل کر رہے ہیں۔ ایسی کوئی بھی فیلڈ پُر نہ کریں جو ایسی معلومات طلب کرتی ہے جسے فراہم کرنے سے آپ کے والدین یا سرپرست نے آپ کو منع کیا ہے۔

سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

اب، جواب دینے کیلئے *PSAT 8/9 Student Answer Sheet Instructions* نامی کتابچہ میں درج معلومات کو پڑھ کر سوالات 16 سے لے کر 19 تک کا جواب دیں۔ مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

طلبا کے تیار ہونے پر، فیلڈ 20 کے لیے، آپ کا نگران کہے گا:

اپنے جوابی پرچے کے صفحہ 4 پر فیلڈ 20 تلاش کریں۔ اپنا ای میل پتہ فراہم کرنے کے بارے میں معلومات پڑھیں۔

اگر آپ ای میل پتہ فراہم کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو بلبلے کو بھر کر بتائیں کہ آیا ای میل پتہ آپ کا ہے یا آپ کے والدین یا سرپرست کا ہے۔ اگر آپ کی عمر 13 یا اس سے اوپر ہے تو، College Board معلومات بھیجنے کے لیے، جیسے آپ کے اسکور تیار ہونے پر، ای میل پتہ استعمال کرے گا۔

سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:

اب ہم نے آپ کی ذاتی معلومات مکمل کرنے کا عمل پورا کر لیا ہے۔ براہ کرم اپنی جوابی شیٹ بند کریں۔ اپنی جوابی شیٹ اور *Student Answer Sheet Instructions* نامی کتابچہ کا رخ اوپر کر کے اپنی ڈیسک پر رکھیں۔ جب تک میں آپ کو برخاست نہ کروں تب تک براہ کرم خاموشی سے بیٹھیں۔

6.4 جوابی پرچے اکٹھا کرنا اور طلبا کو برخاست کرنا

جو طلبا برخاست کیے جانے کیلئے تیار ہیں ان سے آپ کا نگراں کہے گا:

بس تھوڑی ہی دیر میں، میں آپ کو جانے دوں گا۔ یاد رکھیں، آپ کو کسی بھی حال میں امتحان کا کوئی بھی مواد کمرۂ امتحان سے باہر نہیں لے جانا ہے، ای میل، متنی پیغامات، انٹرنیٹ یا سماجی میڈیا سمیت کسی بھی ذرائع سے کسی کے ساتھ بھی امتحان کے مواد پر گفتگو یا اس کا اشتراک نہیں کرنا ہے۔ جیسا کہ میں نے آغاز میں کہا تھا، اگر کوئی شخص امتحانی سیکورٹی کے حوالے سے ان میں سے کسی بھی پالیسی کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اس کا سکور منسوخ ہو سکتا ہے اور اسے آئندہ کوئی بھی اور College Board کا امتحان دینے سے روکا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کی عمر کم از کم 13 ہو تو آپ کے اسکور دستیاب ہونے کا وقت اور آپ کے مکمل اسکور رپورٹ تک آن لائن رسائی حاصل کرنے کے طریقے کی بابت آپ کو مطلع کیا جائے گا۔ اگر آپ کی عمر 13 سال سے کم ہے تو اپنے امتحان کے نتائج کے بارے میں معلومات کے لیے اپنے صلاحکار سے بات کریں۔

جب تک میں آپ کی قطار برخاست نہ کروں تب تک براہ کرم اپنی نشست پر انتظار کریں۔ اس وقت، آپ اپنا سامان اکٹھا کر سکتے ہیں اور امتحان سے قبل آپ نے جو کوئی چیز واپس کی تھی اسے لینے کے لیے آ سکتے ہیں۔ جب آ باہر نکلیں تو براہ کرم ان لوگوں کا خیال رکھیں جو اب بھی دوسرے کمروں میں کام کر رہے ہوں۔ ایک بار پھر، آج آپ کی سخت محنت پر مبارکباد۔

اگر کمرے میں موجود کسی طالب علم نے جوابی پرچے پر اپنی غیر امتحانی معلومات مکمل نہیں کی ہے تو آپ کا نگران [جوابی پرچے مکمل کرنے] کے لیے واپس کرے گا۔